ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(154)

22.03.24

بہاول پور( )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، ماہ مقدس کے دوسرے جمعۃ المبارک کے موقع پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں رمضان المبارک کے پہل دوسرے جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی ۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، ماہ مقدس کے دوسرے جمعۃ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(155)

22.03.24

بہاول پور(   )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کی ہدایات پرڈی پی اوسید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ ڈیراور پولیس کا منشیات سمگلرز کے خلاف ایک بار پھرگرینڈ آپریشن، بڑی کھیپ پکڑی گئی،تقریبا ایک من منشیات برآمد،منشیات سمگلر گرفتار،مقدمہ درج،منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنزل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیرکمانڈ ایس ایچ او تھانہ ڈیراور نے خفیہ انفارمیشن سپیشل ٹیم تشکیل دے کر منشیات ڈیلر کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔دوران کارروائی ملزم کی زیرسواری ڈالہ سے ڈیراور پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔پولیس نے منشیات ڈیلر نعمت اللہ جو کہ پشاور کا رہائشی ہے کو گرفتار کرلیا۔ملزم کے زیرسواری ڈالہ سے تقریبا ایک من کے قریب چرس برآمد ہوئی ملزم منشیات کو پشاور سے لاکر یزمان و بہاولپور شہرومضافات میں سپلائی کرتا تھا۔پولیس نے امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔گرفتار ملزم کے زیرسواری ڈالہ بھی قبضہ پولیس میں لے لیا گیا۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈیراور پولیس نے نوجوان نسل کو بڑی تباہی سے بچا لیا۔منشیات کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن جاری رہے گا۔گرفتار منشیات فروش کے دیگر نیٹ ورک کو بھی بے نقاب کرتے ہوئے قانون کے کٹھرے میں لایا جائے گا۔بہترین کارکردگی پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے ایس ایچ او تھانہ ڈیراور اوران کی ٹیم کوشاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کی ہدایات پرڈی پی اوسید محمد عباس کی زیرکمانڈ تھانہ ڈیراور پولیس کا منشیات سمگلرز کے خلاف ایک بار پھرگرینڈ آپریشن،تقریباًایک من منشیات برآمد،منشیات سمگلر گرفتار